H

National Qualifications 2025

# X870/76/11

# Urdu Reading

MONDAY, 28 APRIL

1:00 PM – 3:00 PM

**Total marks — 30**

Attempt ALL questions.

Write your answers clearly, in **English**, in the Reading answer booklet provided. In the answer booklet you must clearly identify the question number you are attempting.

**You may use an Urdu dictionary.**

Use **blue** or **black** ink.

There is a separate question and answer booklet for Directed Writing. You must complete your answer for Directed Writing in the question and answer booklet for Directed Writing.

Before leaving the examination room you must give your Reading answer booklet and your Directed Writing question and answer booklet to the Invigilator; if you do not, you may lose all the marks for this paper.

SQA ©

*X8707611*

**Total marks — 30**

**Attempt ALL questions**

Read the whole article carefully and then answer, in **English**, ALL the questions that follow.

This article discusses job challenges and gives advice on finding work.

ترقی کے اس دور میں کسی بھی شعبے میں ملازمت حاصل کرنا بہت مشکل ہو رہا ہے۔ اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ پڑھے لکھے نوجوانوں کی تعداد بہت زیادہ ہے اور ملازمت کے مواقع بہت کم ہیں۔ ایک ملازمت حاصل کرنے کے لئے ساٹھ (60) سے ستّر (70) لوگ درخواستیں دیتے ہیں اور انٹرویو دینے کے لئے محنت کرتے ہیں لیکن نوکری صرف ایک کو ملتی ہے۔

**کام کا تجربہ۔**

کام کا تجربہ حاصل کرنے کے لئے پڑھائی کے دوران کوئی کام تلاش کر لیں۔ اگر کام تلاش کرنے میں مشکل پیش آ رہی ہو تو کسی بھی ادارے میں رضاکارانہ طور پر کام کر کے بھی کام کا تجربہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ زیادہ تر ملازمت دینے والے ادارے ایسے لوگوں کو ملازمت دینا پسند کرتے ہیں جن کے پاس کام کا تجربہ ہو نہ کہ ایسے لوگ جن کے پاس کوئی تجربہ نہیں۔

یہ بات یاد رکھیں کہ کئی مالکان اپنے پاس کام کا تجربہ کرنے والوں کو مستقل نوکری بھی دے دیتے ہیں۔

**کام کے لئے سی وی (کوائف نامہ)**

ملازمت تلاش کرنے کے لئے اچھے طریقے سے تیار کیا ہوا سی وی بہت اہم کردار ادا کرتا ہے۔ سی وی دیکھ کر کام دینے والی کمپنیوں کو درخواست دینے والے کی قابلیت اور صلاحیت کے بارے میں کافی حد تک اندازہ ہو جاتا ہے، جس سے ملازمت دینے والا کا کافی وقت بچ جاتا ہے۔ اور اچھی سی وی سے انٹرویو حاصل کرنے میں مدد ملتی ہے۔

کام کے ریفرنس (حوالے) ایسے کمپنیوں کے دیں جو آپ کی کامیابی کے بارے میں بتائیں۔ ایسے لوگوں کے حوالے دیں جو مختلف شعبوں سے تعلق رکھتے ہوں تاکہ وہ آپ کی ہر طرح کی صلاحیتیں اور خوبیاں بیان کر سکیں۔ اپنے کام کے بارے میں جھوٹے اور غلط حوالے نہ دیں کیونکہ یہ بات آپ کے خلاف جا سکتی ہے۔

## انٹرویو کی تیاری

اُمیدوار انٹرویو سے پہلے اپنی بات دوسروں کے سامنے بیان کرنے کی مشق کرے۔ انٹرویو میں پوچھے جانے والے سوالات کے لئے پوری طرح تیار رہے، فیشن کے مطابق مناسب لباس کا انتخاب کرے۔

انٹرویو دینے کے لیے کمرے میں پُراعتماد طریقے سے اندر داخل ہوں، مسکراتے ہوئے انٹرویو لینے والوں کی طرف دیکھیں اور جب آپ کو اجازت ملے تو خود بھی اُن سے سوال پوچھیں۔

## کمپنیوں کی ویب سائٹ کے ذریعے کام کی تلاش

آپ نے جس شعبے میں ملازمت تلاش کرنی ہے اُن کی ویب سائیٹ پر جا کر دیکھیں اگر وہاں پر آپ کی مطلوبہ ملازمت نہیں بھی ہے تو آپ اپنا سی وی اُن کو بھیج دیں۔ مستقبل میں اگر ان کے پاس کوئی ملازمت ہوئی وہ آپ سے رابطہ کر لیں گے۔

میرا ایک دوست قطر میں کام کرنے کا خواہش مند تھا۔ اُس نے ایک انجینیر نگ کمپنی میں ملازمت کے لئے اپنا سی وی (کوائف نامہ) اُن کو بھیجا تھا۔ تقریباً چھ مہینے بعد اُسے ای میل کے ذریعے ملازمت کی پیشکش ہوئی تو اُس کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔

[Turn over

## ملازمت تلاش کرنے کے لئے رہنمائی

ملازمت تلاش کرنے کا سب سے بہترین طریقہ ہے کہ آپ اپنے موبائل فون میں کچھ ایسے ایپس ڈاؤن لوڈ کریں جو اس کام میں مددگار ثابت ہو سکتی ہیں۔

آپکے رشتہ دار یا دوست اگر کسی کمپنی میں کام کر رہے ہیں تو اُن سے کہیں اگر کوئی کام کی جگہ خالی ہوئی تو آپ کو بتادیں۔

جس شعبے میں ملازمت کرنا چاہتے ہیں، آپ اُس شعبے میں پہلے سے کام کرنے والے کسی شخص سے کام کے متعلق رہنمائی حاصل کرلیں، ایسا کرنا آپ کے لئے فائدہ مند ہوگا۔

آپ کو چاہیے کہ درخواست دینے سے پہلے کمپیوٹر کے نئے پروگرام اور نئی چیزیں سیکھیں اور اپنی درخواست میں اُن کا ذکر ضرور کریں۔ تاکہ جب آپ نوکری ڈھونڈنے کے لیے جائیں تو آپکو دوسرے لوگوں پر ترجیح مل سکے۔

**MARKS**

**Questions**

Re-read lines 1–4.

**1.** The article discusses different aspects of jobs. What does it say about the job market? State any **two** things. **2**

Re-read lines 5–10.

**2.** (a) What does the article say about work experience? State any **two** things. **2**

(b) What do some employers do? **1**

MARKS

**Questions (continued)**

Re-read lines 11–19.

**3.** (a) Why is it important to prepare a good CV? State any **three** things. **3**

(b) What does the writer say about references? State any **two** things. **2**

Re-read lines 20–31.

**4.** (a) What advice does the writer give to prepare for an interview? State any **three** things. **3**

(b) What should you do when you go for an interview? State any **two** things. **2**

**5.** (a) What does the writer say about job search websites? State any **one** thing. **1**

(b) The writer shares his friend's experience. What does he say? State **two** things. **2**

Now consider the article as a whole.

**6.** Does the writer give positive advice to help secure a job? Give details from the text to justify your answer. **2**

**7.** Translate into English: (lines 33–41) **10**

ملازمت تلاش کرنے کا سب سے... آپ کو دوسرے لوگوں پر ترجیح مل سکے۔

**[END OF QUESTION PAPER]**

[BLANK PAGE]

DO NOT WRITE ON THIS PAGE

[BLANK PAGE]

DO NOT WRITE ON THIS PAGE

[BLANK PAGE]

DO NOT WRITE ON THIS PAGE